کچھ ہونے والا ہے!

عبدالمنان معاویہ

وطن عزیز پاکستان اس وقت جن مسائل کا شکار ہے، اس میں سرفہرس' بجلی کا بدترین بحران، جس سے معاشی نقصان ہورہا ہے۔ملز بند، اور ملوں کے بند ہونے سے ہزاروں افراد بے روزگار، مہنگائی کا جن قابو میں نہیں آرہا۔ بے روزگاری دن بدن بڑھ رہی ہے۔ علماء کرام کا ٹارگٹ کلنگ کافی عرصہ سے شروع ہے۔ خودکش حملے بند ہونے کا نام نہیں لے رہے۔ پانی کی قلت کا سامنا ہے۔ دریاؤں میں سیلاب کی جگہ سراب نظر آتا ہے۔ کبھی چینی نہیں ملتی تو کبھی آٹا۔ ہاں بلیک پر سب دستیاب ہے۔ ۱۸ ویں ترمیم منظور ۱۹ ترمیم زیرغور لیکن ان ترامیم سے عوام کی مشکلات کم نہیں ہوئیں۔ عدلیہ جو فیصلہ کرتی ہے وہ حکومت کو اپنی توہین نظر آتی ہے۔ اندر ہی اندر' عدلیہ کے خلاف بھی کھچڑی پکائی جارہی ہے۔

عوام بھوک سے پریشان، بجلی نہ ہونے سے پریشان، بیروزگاری سے پریشان اور دیگر مسائل سے پریشان، پاکستان کی ایک لیڈی وزیر صاحبہ سونے کا تاج لیے انڈیا پہنچی لیکن ملک کی غریب عوام پر ان کی نظر نہ گئی۔

پاکستان کے حکمرانوں کو دیکھ کر کبھی تو بے ساختہ ہنسی آتی ہے اور کبھی آنکھیں چھلک پڑتی ہیں۔ افسوس ۶۲ سال سے زائد کا عرصہ بیت گیا ملک بنے کو لیکن آج تک ہمیں اچھی قیادت نہ ملی اور نہ ہی اچھے برے کی پہچان ہوسکی۔ اس کے علاوہ یہ بات بھی نظر انداز کرنے کے قابل نہیں ہے کہ ہم پر اب کون حکومت کرے گا، اس کا فیصلہ امریکہ کرتا ہے۔ پاکستان پر امریکہ کی مکمل اجارہ داری ہے۔ وہیں سے ہمارے حکمران منتخب کیے جاتے ہیں۔ امریکہ کی پاکستان سے دشمنی کے ہزارہا شواہد موجود ہیں لیکن موجودہ حکمران امریکہ کی پاکستان دشمنی کی زندہ مثال ہے اس پورے سیاسی سیٹ میں آپ کو کوئی پختہ فکر اصابت رائے اور محبّ وطن شخص نظر نہیں آئے گا۔

سیاسی جماعتوں کے ہزار ہا نام سہی لیکن صحیح معنوں میں دو جماعتیں ہوتی ہیں: (۱) حزبِ اقتدار، (۲) حزبِ اختلاف۔ مسند اقتدار کے مزے لوٹنے والے جب ملکی مفاد کا سودا کرنے کی سعی کرتے ہیں حزب اختلاف آڑے آتی ہے لیکن یہاں نہ اقتداریوں کا پتہ نہ اختلافیوں کا، گویا کہ بزبان حال کہہ رہے ہیں۔ ''ہم سب ایک ہیں''۔

دوربین ایک آلہ ہے جس سے دور کی چیز نزدیک نظر آتی ہے، اکثر یہ آلہ رمضان المبارک اور عیدین کے مواقع پر استعمال کیا جاتا ہے۔ لیکن اللہ رب العزت بڑے قدرت والے ہیں، اس نے بعض افراد کی آنکھوں میں یہ آلہ اپنی قدرت کاملہ سے فری فٹ کردیا ہے۔ ایسے خوش نصیبوں کو ہم دوربین نظر والے حضرات کے لقب سے ملقب کرتے ہیں۔

ایسے لوگوں کو ہلال کمیٹی کا چیئر مین یا رکن ہونا چاہیے تھا لیکن یہ بیچارے ہوٹلوں پر یا تنہائی میں رہنا پسند کرتے ہیں۔ ایسے ہی ایک شخص سے احقر کی ملاقات ہوگئی، دور بین نگاہ والے صاحب ملکی حالات پر تبصرہ فرمانے لگے اور کہا ''اب جلد ہی پاکستان میں انقلاب آنے والا ہے'' انقلاب کا نام سن کر ہمارا جسم تو چند لمحوں کے لیے سن ہو گیا، تھوڑی دیر بعد بصد احترام عرض کیا میاں خدا کا نام لیں۔ پہلے ہی ملک کا ستیاناس ہوا پڑا ہے اور آپ ھل من مزید کا شگوفہ چھوڑ رہے ہیں۔

چونکہ انہیں دور کی چیزیں نزدیک نظر آتی ہیں اس لیے اپنی بات پر اڑے رہے اور صومالیہ، ارجنٹائن اور ایران کی داستانیں اس انداز میں سنانے لگے کہ ایک ایک واقعہ کو پاکستان کے موجودہ حالات سے تطبیق دیتے رہے کہ انکار کی گنجائش نہ رہی، چند لمحوں کے بیان ذیشان کے بعد سانس لینے کے لیے خاموش ہوئے اور میری طرف دیکھا جیسے اب مجھے موقع دے رہے ہوں کہ اب بولنے کی باری میری ہے۔ بڑوں سے سنا تھا کہ جب ڈر لگے تو آیۃ الکرسی پڑھ لینا، سو میں آیۃ الکرسی پڑھنے میں مصروف تھا۔ جب انھوں نے دیکھا یہ نہیں بولتا تو دوبارہ بیان شروع کر دیا اور طویل بیان کے بعد فرمایا ''آج ہماری عوام کو صرف ایک لیڈر کی ضرورت ہے جس میں قائدانہ صلاحیت موجود ہو، جو پورے ملک کو ظالموں سے نجات دلائے اور اگر ایسا نہ ہوا تو یاد رکھنا عوام گروہوں کی شکل میں نکلے گی جس سے ملک میں فساد، قتل و غارت گری، لوٹ مار شروع ہو جائے گی۔''

احقر نے عرض کی بس کیجیے، دعا فرمایئے اللہ خیر کرے۔ فرمایا! ''دعاؤں اور تسبیح کے دانوں سے جہاز نہیں گرتے'' ان سے اجازت لے کر احقر گھر کی طرف چل دیا لیکن سارے راستے ان کی باتیں ایک ایک کر کے ذہن کی سکرین پر نمودار ہوتی رہیں اور مجھے بھی واقعتاً ایسا محسوس ہوا کہ ''اب کچھ ہونے والا ہے۔''

دار العلوم ختم نبوت چیچہ وطنی کے دار القرآن کی تعمیر

دار العلوم ختم نبوت جامع مسجد چیچہ وطنی کا جدید دار القرآن 16×37 کے رقبے میں مغربی جانب تعمیر ہو چکا ہے۔ تعلیمی و انتظامی اور دفتری ضروریات کے پیش نظر قدیم تعمیرات میں خاصی تبدیلی کی جا رہی ہے کام ابھی تشنہ ہے اور تکمیل کے لیے کم از کم دو ماہ مزید لگیں گے۔ تقریباً چار لاکھ روپے اس کام پر خرچ ہو چکے ہیں اور کم و بیش تین لاکھ روپے مزید خرچ ہوں گے۔ جملہ اہل خیر سے تعاون کی فوری درخواست ہے۔

عبد اللطیف خالد چیمہ مدیر منتظم دار العلوم ختم نبوت (رجسٹرڈ)

نیشنل بنک آف پاکستان جامع مسجد بازار چیچہ وطنی، کرنٹ اکاؤنٹ نمبر 1306 برانچ کوڈ نمبر 0760

بنک اکاؤنٹ بنام دار العلوم ختم نبوت بلاک نمبر 12 چیچہ وطنی

جامع مسجد بلاک نمبر 12 چیچہ وطنی۔ ضلع ساہیوال